سوال

(89) دوکان میں نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا دوکان میں نماز ہوجاتی ہے یا نہیں ؟ اگر نہیں تو اس کے ڈبوں پر کپڑا ڈال کر نماز پڑھی جا سکتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(صحیح بخاری کتاب الصلوٰۃ بَابٌ اِنْ صَلّٰی فِی ثَوْبٍ مُصَلَّبٍ اَوْ تَصَاوِیْرَ ہَلْ تَفْسُدُ صَلٰوتُہٗ وَمَا یُنْہٰی عَنْ ذٰلِکَ جلد اوّل ص ۵۴ ا پر ملاحظہ فرمائیں ۔

« عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ کَانَ قِرَامٌ لِعَائِشَۃَ سَتَرَتْ بِہٖ جَانِبَ بَیْتِہَا فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ اَمِیْطِیْ عَنَّا قِرَامَکِ ہٰذَا فَاِنَّہٗ لَاتَزَالُ تَصَاوِیْرُہٗ تَعْرِضُ فِیْ صَلَاتِیْ »

''حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے لیے ایک تصاویر والا پردہ تھا اس کے ساتھ وہ اپنے گھر کی ایک جانب کو ڈھانپتی تھی پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا اپنے اس پردے کو مجھ سے ہٹا لے پس بے شک اس کی تصاویر ہمیشہ مجھے نماز میں پیش ہوتی رہی ہیں ۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

مساجد کا بیان ج1ص102

محدث فتویٰ